مجھے خانہ نظر بند رکھا گیا: محبوبہ مفتی

سری نگر (یو این آئی) پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی کا کہنا ہے کہ اننت ناگ کے منگہال برج کے نزدیک ایک ناکے پر سیکورٹی فورسز اہلکاروں کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے ایک مزدور کے گھر جانے سے روکنے کے لئے مجھے ہفتے کے روز ایک بار پھر خانہ نظر بند رکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہند چاہتی ہے کہ ہم صرف منتخب ہلاکتوں کی ہی مذمت کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ جموں وکشمیر کے حالات بد سے بدتر ہو گئے ہیں۔ موصوفہ نے یہ باتیں ہفتے کے روز اپنے سلسلہ وار ٹویٹس میں کہیں۔ ان کا ٹویٹ میں کہنا تھا کہ مجھے آج ایک بار پھر خانہ نظر بند رکھا گیا۔ میں آج سی آر پی ایف اہلکاروں کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے ایک عام شہری کے گھر جانا چاہتی تھی۔ حکومت ہند چاہتی ہے کہ ہم منتخب ہلاکتوں کی مذمت کریں وہ (حکومت ہند) ان ہی معاملوں میں مشتعل ہو جاتے ہیں جن میں لوگوں کو گروہوں میں منقسم کرنے کیلئے نفرت کی سیاست کی جاتی ہے۔

مایاوتی کریں گی انتخابی سروے پر پابندی کا مطالبہ

لکھنؤ (ایس این بی) بہوجن سماج پارٹی کے بانی کانشی رام کی پندرہویں برسی کے موقع پر بہوجن سماج پارٹی نے آج ہفتہ کو پرانی جیل روڈ واقع کانشی رام اسمارگ میں طاقت کا مظاہرہ کیا۔ مایاوتی نے پارٹی کارکنوں کے ہجوم کے درمیان اپنی انتخابی مہم کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں کچھ ایسی بھی چھوٹی چھوٹی پارٹیاں ہیں جو تنہا اور اتحاد کر کے الیکشن لڑ سکتی ہیں۔ ان کا مقصد الیکشن جیتنا نہیں بلکہ اپنے مفاد کیلئے پردے کے پیچھے سے برسر اقتدار جماعت کو فائدہ پہنچانا ہے، ایسی پارٹیوں سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ الیکشن سے چھ ماہ قبل میڈیا و دیگر ایجنسیوں کے انتخابی سروے پر پابندی عائد کرنے کا مطالبہ کریں گی تا کہ الیکشن پر ایسے جائزے کا کوئی اثر نہ پڑ سکے۔ مایاوتی نے کہا کہ مغربی بنگال میں انتخابی جائزے میں ترنمول کانگریس کو کافی پیچھے بتایا جا رہا تھا لیکن نتائج اس کے برعکس آئے۔ جو اقتدار کا خواب دیکھ رہے تھے ان کا صفایا ہو گیا اور ممتا بنرجی زبردست اکثریت سے دوبارہ واپس آ گئی اس لئے آپ لوگوں کو کسی کے بہکاوے میں نہیں آنا ہے۔

ملک کی ترقی کیلئے بحری سرگرمیاں ضروری

انڈین کوسٹ گارڈ ڈیکوریشن تقریب سے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کا خطاب

نئی دہلی (یو این آئی) وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا کہ بڑھتی ہوئی بحری طاقت کے طور پر ہماری خوشحالی کا زیادہ تر انحصار سمندر پر ہے، اس لیے بلا روک ٹوک بحری سرگرمیاں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ یہاں انڈین کوسٹ گارڈ ڈیکوریشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر سنگھ نے سمندر کے ساتھ قدیم تعلقات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ "ہماری روایات، تہوار، فنون، ادب، ثقافت، تجارت اور معیشت بڑی حد تک سمندر سے جڑے ہوئے ہیں، لیکن اس خوشحالی کے ساتھ ساتھ ہمیں سمندر سے متعلق کوئی کم سیکورٹی چیلنج نہیں ملی ہیں، ہمارا سمندر کے ساتھ دیرینہ تعلق ہے۔ ایک طرف سمندر نے ہمیں دولت، معدنیات اور نباتات سے مالامال کیا ہے، دوسری طرف اس نے ہمیں دنیا سے جوڑنے کا کام بھی کیا ہے۔ بحری سرگرمیوں کو ملک کی ترقی کے لیے ضروری قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج ہمارا ملک تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ اس طرح ہماری بنیادی ضروریات میں سے ایک بلا روک ٹوک بحری سرگرمیاں ہیں۔ بڑھتی ہوئی سمندری طاقت کے طور پر ہمارا بہت حد تک سمندر پر انحصار ہے۔ سمندری سلامتی کو ملکی سلامتی کا ایک اہم حصہ قرار دیتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ اس کے بغیر ملک کی سلامتی ممکن نہیں ہے۔ سمندری سیکورٹی کے بغیر ایک جامع اندرونی اور بیرونی سیکورٹی فریم ورک کی تعمیر ممکن نہیں ہے۔ ملک کے سمندری زون کو محفوظ اور آلودگی سے پاک رکھنا ہماری سیکورٹی کی ضروریات اور بیک وقت معاشی ترقی کو یقینی بناتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انڈین کوسٹ گارڈ علاقائی تعاون کو فروغ دینے، بحر ہند

میں سمندری امن کو برقرار رکھنے اور حکومت کے وژن کے مطابق بین الاقوامی سمندری ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرنے میں ہمیشہ پیش پیش رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے یہ کہتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ ہمارے کوسٹ گارڈ کی جانب سے میری ٹائم سیکورٹی کو یقینی بنانے کے لیے کیے گئے بہادرانہ اقدامات نے نہ صرف ہمارے خطے بلکہ ہمارے پڑوس پر بھی اثرات مرتب کیے ہیں۔ مسٹر راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ انڈین کوسٹ گارڈ علاقائی تعاون کو فروغ دینے، بحر ہند میں سمندری امن کو برقرار رکھنے اور حکومت کے وژن کے مطابق بین الاقوامی سمندری ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرنے میں ہمیشہ پیش پیش رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے یہ کہتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ سمندری سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے ہمارے کوسٹ گارڈ کی جانب سے کیے گئے بہادرانہ اقدامات نے نہ صرف ہمارے خطے بلکہ ہمارے پڑوس پر بھی اثرات مرتب کیے ہیں۔ اس تناظر میں انہوں نے کوسٹ گارڈ کے مختلف کامیاب مشنوں کا جیسے 'نیو ڈائمنڈ' پھر کنٹینر ویسل ایکسپریس پرل کا ذکر کیا، انہوں نے بتایا کہ کوسٹ گارڈ کی بروقت کارروائی کی وجہ سے بڑی تباہی کو ٹالا جا سکا۔ اس سے ملک کو عالمی شہرت اور ایک ذمہ دار اور مضبوط کوسٹ گارڈ کے طور پر آپ کی پہچان بنی ہے۔ انہوں نے غیر قانونی اسلحہ اور منشیات کی اسمگلنگ کے شعبے میں کوسٹ گارڈ کی نمایاں شراکت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس سے معاشرے اور قوم کی خدمت ہوئی ہے اور ملک کا مستقبل بھی محفوظ اور مضبوط ہوا ہے۔ انہوں نے سمندری طوفانوں کے دوران بھی کوسٹ گارڈ کی کارروائیوں کی تعریف کی۔ مسٹر سنگھ نے کہا کہ کوسٹ گارڈ، جو کبھی 4 سے 6 کشتیوں سے شروع ہوا تھا، آج 150 سے زائد جہازوں اور 66 طیاروں کے ساتھ دنیا کی بہترین سمندری افواج میں ایک اہم مقام رکھتا ہے اور اہل وطن کو یقین ہے کہ قومی سمندری مفاد ملک محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ بہادر اہلکاروں کو اعزاز سے سرفراز کرنے کے بعد مسٹر سنگھ نے کمانڈرز کانفرنس سے بھی خطاب کیا۔

ملک کے قانون کو 'روندا' جا رہا ہے: اکھلیش

لکھنؤ (یو این آئی) لکھیم پور کھیری تشدد معاملے میں یوپی حکومت کو ہدف تنقید بناتے ہوئے ایس پی سربراہ اکھلیش یادو نے کہا کہ پہلے کسانوں کو جیپ سے کچلا گیا اور اب قانون کو 'روندا' جا رہا ہے۔ مسٹر یادو نے ہفتہ کو میڈیا نمائندوں سے کہا کہ لکھیم پور کھیری تشدد معاملے میں نامزد مرکزی مملکتی وزیر اجے مشر ٹینی کے بیٹے آشیش مشر کو سمن نہیں بلکہ اعزاز سے نوازا جا رہا ہے۔ اس معاملے کی جانچ میں جان بوجھ کر تاخیر کی جا رہی ہے تا کہ کسانوں کو انصاف نہ مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ یوگی حکومت کسانوں کے ساتھ لگاتار تفریق کر رہی ہے۔ پہلے کسانوں کو جیپ سے کچلا گیا اور اب ملک کے نظم و نسق اور آئین کو روندا جا رہا ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مرکزی وزیر کے استعفیٰ کے بغیر اس معاملے میں غیر جانبدارانہ جانچ نہیں ہو سکتی ہے۔ سپریم کورٹ سے ضرور ملک کی عوام اور کسانوں کو انصاف کی امید ہے۔ اتر پردیش میں جنگل راج چل رہا ہے جس کا اختتام 2022 کے اسمبلی انتخابات کے بعد یقینا ہوگا۔ قابل ذکر ہے کہ گزشتہ اتوار کو لکھیم پور کھیری میں ہوئے تشدد میں چار کسانوں سمیت 8 افراد کی موت ہو گئی تھی۔ اس معاملے میں آشیش مشر عرف مونو کو کلیدی ملزم بنایا گیا ہے جو ہفتہ کی صبح لکھیم پور پولیس کی کرائم برانچ کے سامنے پیش ہوئے۔

کووڈ ویکسی نیشن کے 94 کروڑ سے تجاوز کرنے کی توقع

نئی دہلی (یو این آئی) ملک میں ہفتہ کو کووڈ ویکسی نیشن کے 94 کروڑ سے تجاوز کر جانے کی توقع ہے۔ مرکزی وزارت صحت اور خاندانی بہبود نے ہفتہ کو یہاں یہ اطلاع دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 79 لاکھ 12 ہزار 202 کووڈ ویکسین دی گئی ہیں۔ آج صبح 7 بجے تک کل ویکسی نیشن 93 کروڑ 99 لاکھ 15 ہزار 323 تک پہنچ چکی ہے۔ وزارت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کووڈ انفیکشن کے 19 ہزار 740 نئے کیس رپورٹ ہوئے ہیں اور 23 ہزار 70 افراد کو وبائی انفیکشن سے نجات ملی ہے۔ ملک میں صحت یابی کی شرح 97.98 فیصد ہے۔ ملک میں کل دو لاکھ 36 ہزار 643 کووڈ مریض زیر علاج ہیں جو کہ کل کیسز کا 0.70 فیصد ہے۔ اب تک کووڈ سے تین کروڑ 32 لاکھ 48 ہزار 291 افراد صحت یاب ہو چکے ہیں۔

اظہار رائے کی آزادی لامحدود نہیں: الہ آباد ہائی کورٹ

پریاگ راج (ایس این بی) الہ آباد ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ اظہار رائے کی آزادی لامحدود نہیں ہے۔ ان پر کچھ پابندیاں بھی ہیں، اس لئے اظہار رائے کی آزادی کے نام پر کسی کو دوسرے کے مذہبی جذبات کو مجروح کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ بھگوان رام۔ کرشن کے خلاف سوشل میڈیا میں فحش تبصرہ کے معاملہ میں فاضل عدالت نے کہا کہ ہم جس ملک میں رہ رہے ہیں اس ملک کی اہم شخصیات اور تہذیب وثقافت کا احترام کرنا ضروری ہے۔ کوئی ایشور کو مانے یا نہ مانے اسے کسی کے مذہبی جذبات کو مجروح کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ عدالت نے کہا کہ ہماری تہذیب 'وسودھیو کٹمبکم' کی رہی ہے۔ فاضل عدالت نے بھگوان رام اور کرشن کے خلاف فحش تبصرہ کرنے والے آکاش جاٹو عرف سوریہ پرکاش کو دوبارہ ایسا جرم نہ کرنے کا انتباہ دیتے ہوئے مشروط ضمانت منظور کر لی ہے۔ عدالت نے کہا کہ مدعی گزشتہ دس ماہ سے جیل میں بند ہے۔ تفتیش فوراً مکمل ہونے کا امکان نہیں ہے۔ سپریم کورٹ نے بھی داتا رام کیس میں کہا ہے کہ ضمانت حق ہے اور جیل مجبوری اس لئے ضمانت پر رہا کیا جائے۔ یہ حکم الہ آباد ہائی کورٹ کے جسٹس شیکھر کمار یادو نے ہاتھرس کے آکاش جاٹو کی عرضی پر آج دیا ہے۔ مدعی کا کہنا تھا کہ گزشتہ 28 نومبر 2019 کو کسی نے اس کی فرضی آئی ڈی تیار کر کے فحش پوسٹ ڈالی، وہ بے قصور ہے اور یہ بھی دلیل دی کہ آئین میں اظہار رائے کی آزادی ہے جسے جرم قرار نہیں دیا جا سکتا۔ سرکاری وکیل نے مدعی کی ضمانت کی مخالفت کی اور کہا کہ ایف آئی آر درج ہوتے ہی ملزم نے موبائل فون اور سم کارڈ توڑ کر پھینک دیا ہے۔ جبکہ عدالت نے کہا کہ آئین میں بنیادی حقوق دیئے گئے ہیں اسی میں اظہار رائے کی آزادی کا حکم بھی ہے۔ عدالت نے کہا کہ عید پر گاؤ کشی پر پابندی ہے، گاؤ کشی جرم ہے اور انفارمیشن ٹکنالوجی ایکٹ میں جذبات مجروح کرنا غیر ضمانتی جرم ہے۔ اظہار رائے کی آزادی لامحدود نہیں ہے۔ ریاست میں سیکورٹی، افواہ پھیلانا، فحاشی پھیلانا اظہار رائے کی آزادی نہیں بلکہ جرم ہے۔

سرنج کی برآمد پر 3 ماہ کیلئے پابندی

نئی دہلی (یو این آئی) مرکزی حکومت نے کووڈ ویکسی نیشن مہم کے دوران گھریلو سطح پر سرنج کی سپلائی کو یقینی بنانے کے لیے آئندہ تین ماہ کے لیے اس کی برآمد پر پابندی لگا دی ہے۔ مرکزی وزارت صحت اور خاندانی بہبود نے ہفتہ کو یہاں بتایا کہ ہندوستانی سرنج کے مقررہ زمروں کی برآمد پر پابندی لگائی جاتی ہے۔ اس کا مقصد ملک کے ہر شہری کو کووڈ ویکسین لگائے جانے کو یقینی بنانا ہے۔ حکومت نے کہا ہے کہ گھریلو اور دیگر ویکسین بنانے والے ہندوستان میں دنیا کے سب سے بڑے کووڈ ویکسی نیشن پروگرام کے موثر نفاذ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اب تک ملک میں تقریباً 94 کروڑ ویکسین دی جا چکی ہیں اور 100 کروڑ ویکسین کا سنگ میل جلد حاصل کر لیا جائے گا۔ ملک کے آخری شہری کو ویکسین دینے کے ایک مضبوط سیاسی عزم کے ساتھ، حکومت نے سرنج کی گھریلو دستیابی اور سپلائی بڑھانے کے لیے ان کی برآمد پر پابندی عائد کر دی ہے۔ کم سے کم وقت میں تمام اہل شہریوں کو ویکسین دینے کے پروگرام کی رفتار کو برقرار رکھنے کے لیے سرنج اہم ہیں۔ ویکسین دینے کے لیے استعمال ہونے والی سرنج کی مناسب دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے حکومت نے صرف 0.5 ملی لٹر (آٹو ڈس ایبل) سرنج، 0.5 ملی لیٹر، 1 ملی لیٹر، 2 ملی لیٹر، 3 ملی لیٹر ڈسپوزل سرنج اور دوبارہ استعمال ہونے والی سرنج کے برآمد کو تین مہینے تک روک دیا ہے۔

انسدادی کارروائی کیلئے سیکورٹی ٹیمیں سری نگر پہنچیں

سرینگر (صریر خالد/ایس این بی) سرینگر میں حالیہ دنوں نا معلوم بندوق برداروں کے ہاتھوں اقلیتی برادری کے 4 افراد کو قتل کر دیئے جانے کے بعد پیدا شدہ صورتحال نے سکیورٹی ایجنسیوں کیلئے بڑا چیلنج پیدا کیا ہے۔ تاہم مرکزی سرکار اس چیلنج سے نپٹنے کیلئے 'خاص حکمتِ عملی' مرتب کر رہی ہے اور عین ممکن ہے کہ اگلے دنوں بعض سخت اقدامات ہوتے دیکھے جائیں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ وادی کی موجودہ صورتحال کو لیکر نئی دہلی میں گزشتہ تین دنوں کے دوران ایک کے بعد ایک کئی میٹنگیں ہوئیں اور خفیہ ایجنسیوں کے اہم کارکنوں کے ساتھ ساتھ 'انسدادِ دہشت گردی' کے کئی ماہرین کو سرینگر بھیجا گیا ہے۔ ان ذرائع نے بتایا کہ خفیہ ایجنٹوں اور دیگر ماہرین کی ایک اہم ٹیم حالات کا جائزہ لینے اور انسدادی اقدامات تجویز کرنے کیلئے جمعہ کو سرینگر پہنچی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ ٹیم کو جموں وکشمیر پولیس کی رہنمائی کرنے اور اس کے ساتھ مل کر حکمتِ عملی مرتب کرنے کی ہدایت ہے۔ مرکزی سرکار چاہتی ہے کہ اس سے قبل کہ نیا چیلنج بہت بڑا ہو جائے اور وادی کشمیر میں نوے کی دہائی کے جیسے حالات پیدا ہو جائیں جنگجوؤں کے خلاف ایسی کارروائیاں کی جائیں کہ جن سے انہیں زبردست دھچکہ لگنے کے ساتھ ساتھ اُن کا ممکنہ شکار بننے والے حلقوں کا حوصلہ بڑھے۔ جمعہ کو جب مرکزی اہلکاروں کی ٹیم سرینگر پہنچی تھی تو اس کے چند ہی گھنٹوں کے بعد شہر کے نٹی پورہ علاقہ میں ایک ڈرامائی شوٹ آؤٹ کا واقعہ پیش آیا جس میں لشکر طیبہ کے ایک جنگجو کو مار گرائے جانے کا دعویٰ کیا گیا تاہم اس واقعہ کے چند ہی گھنٹوں کے بعد یہیں کی پڑوسی بستی چھانہ پورہ میں جنگجوؤں کے ایک اور گروہ کو گھیر لیا گیا تھا تاہم کچھ دیر تک گولیوں کا تبادلہ ہونے کے بعد وہ لوگ کسی طرح زندہ بچ نکلنے میں کامیاب رہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ چند دنوں میں سرینگر کے مختلف علاقوں میں ہوئے الگ الگ حملوں میں نا معلوم بندوق برداروں نے ایک دوا فروش، ایک خاتون اسکول پرنسپل، ایک استاد اور ایک غیر مقامی مزدور کو گولی مار کر قتل کر دیا ہے۔

آئینہ عالم آئینہ عالم آئینہ عالم آئینہ عالم

امریکی وفد کی طالبان سے پہلی باضابطہ ملاقات

محفوظ راستے کو یقینی بنانے اور مغوی امریکی شہری مارک فریریز کو رہا کرنے پر زور

واشنگٹن/دوحہ (یو این آئی/ایجنسیاں) امریکی عہدیداروں کا ایک وفد ہفتہ اور اتوار کو طالبان کے سینئر نمائندوں سے بات چیت کے

لیے قطر کے دارالحکومت دوحہ کا دورہ کر رہا ہے۔ محکمہ خارجہ کے ترجمان نے صحافیوں کو بتایا کہ یہ میٹنگ امریکہ کے اہم قومی مفاد کے امور پر طالبان کے ساتھ کی عملی مصروفیت کا تسلسل ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے روئٹرز نے امریکی انتظامیہ کے دو عہدیداروں کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ افغانستان سے امریکی انخلا اور طالبان کے کنٹرول کے بعد یہ اعلیٰ سطح پر پہلی ملاقات ہے۔ امریکی عہدیداروں کے مطابق اعلیٰ سطحی امریکی وفد میں محکمہ خارجہ، یو ایس ایڈ اور امریکی انٹیلی جنس کمیونٹی کے عہدیدار شامل ہوں گے، جو طالبان پر دباؤ ڈالیں گے کہ وہ امریکی شہریوں اور دیگر کے افغانستان سے باہر جانے کے لیے محفوظ راستے کو یقینی بنائیں اور مغوی امریکی شہری مارک فریریز کو رہا کریں۔ ایک اور اولین ترجیح طالبان کو اس وعدے پر قائم رکھنا ہوگا کہ وہ افغانستان کو دوبارہ القاعدہ یا دیگر شدت پسندوں کا گڑھ نہیں بننے دے گے۔ اس کے علاوہ انسانی امداد درک رسائی کو بہتر بنانے کے لیے بھی اب پر دباؤ ڈالا جائے گا کیونکہ ملک کو نہایت شدید اور ممکنہ طور پر نہ رکنے والے 'معاشی بحران کے سامنے کا خطرہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی وفد میں فیڈرل انٹیلی جنس بیورو، اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ اور یو ایس انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ ایجنسی کے حکام شامل ہوں گے۔ اگست کے آخر میں افغانستان سے امریکی فوجیوں کے انخلاء کے بعد امریکہ اور طالبان کے درمیان یہ پہلی ذاتی ملاقات ہوگی۔ امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد، جو کئی سالوں سے طالبان کے ساتھ امریکی مذاکرات کی قیادت کر رہے ہیں اور گروپ کے ساتھ امن مذاکرات میں اہم شخصیت ہیں، وفد کا حصہ نہیں ہوں گے۔ امریکی حکام کے مطابق امریکی وفد میں محکمہ خارجہ کے نائب نمائندہ خصوصی ٹام ویسٹ کے علاوہ یو ایس ایڈ کی اعلیٰ اہلکار سارہ چارلس بھی شامل ہوں گی۔ جبکہ طالبان کی جانب سے کابینہ کے عہدیدار شرکت کریں گے۔ میٹنگ کے حوالے سے ایک امریکی عہدیدار نے نام نہ ظاہر کرنے کی شرط پر بتایا ہے کہ 'یہ میٹنگ (طالبان حکومت کو) تسلیم کرنے یا قانونی حیثیت دینے کے بارے میں نہیں ہے۔ ہم اس بات پر واضح ہیں کہ کوئی بھی قانونی حیثیت طالبان کے اپنے اقدامات سے حاصل کی جانی چاہیے۔ انہیں ایک مستقل ٹریک ریکارڈ قائم کرنے کی ضرورت ہے۔' امریکہ کے دو دہائیوں پر محیط افغانستان پر قبضے کا اختتام اگست میں فضائی انخلا پر ہوا جس میں 124، 000 سے زائد شہریوں بشمول امریکیوں، افغانیوں اور دیگر کو طالبان کے قبضے کے بعد نکالا گیا۔

دوبارہ شروع ہوں گے ایٹمی پروگرام پر مذاکرات

ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان سعید خطیب زادہ کی تصدیق

تہران (ایجنسیاں) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان سعید خطیب زادہ کا کہنا ہے کہ تہران نے 4+1 گروپ (روس، چین، فرانس، برطانیہ، جرمنی) کے ساتھ ویانا مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سرکاری خبر رساں ایجنسی 'ارنا' کے مطابق آج ہفتے کے روز اخباری بیان میں خطیب زادہ نے کہا کہ یہ فیصلہ بات چیت پر نظر ثانی کا پہلا مرحلہ ختم ہونے کے بعد کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جوہری مذاکرات کا از سر نو جائزہ لینے کا دوسرا مرحلہ 'مستقبل قریب میں کسی نتیجے تک پہنچ جائے گا'۔ ترجمان کے مطابق سابقہ مذاکرات پر نظر ثانی مکمل ہونے کے ساتھ ہی نئی بات چیت شروع ہو جائے گی۔ خطیب زادہ کا کہنا تھا کہ نئی ایرانی حکومت جوہری مذاکرات کے سابقہ 6 ادوار کا جائزہ لے رہی ہے۔ فرانسیسی ٹیلی ویژن 'فرانس 24' کو دیے گئے انٹرویو میں ان کا کہنا تھا کہ 'میں خیال کرتا ہوں کہ مذاکرات کے نئے دور کے آغاز کے لیے مقررہ عرصہ، اس دورانیے (90 روز) سے کم ہوگا جو امریکی صدر کی ٹیم کو مذاکرات میں واپسی کے لیے درکار ہوا'۔

صدر چین، تائیوان کے ساتھ دوبارہ اتحاد کیلئے پرعزم

چینی قوم کے مفاد کیلئے پرامن طریقے سے متحد ہونا ناگزیر: جن پنگ

بیجنگ (ایجنسیز) چین کے صدر شی جن پنگ نے تائیوان کے ساتھ دوبارہ اتحاد کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شی نے بیجنگ میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پرامن طریقے سے متحد ہونا پوری چینی قوم کے مفاد میں ہوگا۔ تائیوان پر اس وقت چین کا شدید سیاسی اور عسکری دباؤ ہے کہ وہ بیجنگ کی حاکمیت کو تسلیم کرے۔ تاہم تائے پے کی جمہوری حکومت نے اپنی آزادی کا دفاع کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ تائیوان کے عوام ہی اپنے مستقبل کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ بیجنگ حکومت تائیوان کو ایک خود مختار ملک تسلیم کرنے کے بجائے چین کا ایک باغی صوبہ قرار دیتی ہے اور وہ دوبارہ اتحاد کے لیے کوشاں ہے۔ اس حوالے سے بین الاقوامی حلقوں میں کافی زیادہ تشویش پائی جاتی ہے۔

مسجد اقصیٰ اس وقت خطرات میں گھر چکی ہے: امام قبلہ اول

قابض اسرائیلی دشمن کا ہر سطح پر بائیکاٹ کرنے عرب ممالک اور امت مسلمہ پر زور

مقبوضہ بیت المقدس (ایجنسیز) مسجد اقصی کے امام اور خطیب الشیخ محمد سلیم نے کہا ہے کہ مسجد اقصی اس وقت خطرات میں گھر چکی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نماز جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ مسجد اقصی کو درپیش خطرات مسجد اقصی سے صفر کے فاصلے پر آ گئے ہیں۔ اسرائیلی فوج کی جارحیت اور انتہا پسند یہودیوں



کی طرف سے قبلہ اول پر یلغار نے ان خطرات کو مزید گھمبیر کر دیا ہے۔ ہزاروں فلسطینی نمازیوں سے خطاب کرتے ہوئے الشیخ محمد سلیم کا کہنا تھا کہ جب اسرائیل کی ایک عدالت نے مسجد اقصی میں یہودیوں کو خاموش عبادت میں حصہ لینے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے مسجد اقصی کو درپیش خطرات بڑھ گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیلی عدالت نے یہودی آبادکاروں کو مسجد اقصی میں خاموش عبادت میں شرکت کرنے کی اجازت ایک ایسے وقت میں دی ہے جب دوسری طرف سنہ 1990 میں مسجد اقصی پر حملے کا دفاع کرتے ہوئے 21 فلسطینی شہید ہو گئے تھے۔ اسرائیلی عدالت کا فیصلہ فلسطینیوں کے قتل عام کے 31 سال کی شہدا کی برسی پر جاری کیا گیا ہے۔ مسجد اقصی کے خطیب نے عرب ممالک کی طرف سے اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کی مہم شدید مذمت کی اور عرب ممالک اور مسلم امہ پر زور دیا کہ وہ قابض اسرائیلی دشمن کا ہر سطح پر بائیکاٹ کریں۔

مسجد اقصیٰ سے متعلق اسرائیل کے تمام اقدامات باطل ہیں: عکرمہ صبری

مقبوضہ بیت المقدس (ایجنسیز) مسجد اقصیٰ کے امام اور خطیب الشیخ عکرمہ صبری نے کہا کہ اسرائیلی ریاست کی کسی عدالت یا دوسرے ادارے کو مسجد اقصیٰ کے حوالے سے کوئی بھی فیصلہ کرنے کا کوئی حق نہیں کیونکہ مسجد اقصیٰ صرف مسلمانوں کا مقدس مذہبی مقام ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسجد اقصیٰ فلسطینی قوم کا مقدس مقام ہے جس کے دفاع کا پوری مسلم امہ کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ صبری کا کہنا تھا کہ اسرائیلی ریاست کی طرف سے مسجد اقصیٰ کے خلاف اٹھائے گئے اقدامات باطل اور غیر قانونی ہیں کیونکہ یہ اقدامات ایک ایسی عدالت کی طرف سے جاری کیے گئے ہیں جو ایک قابض ریاست کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسجد اقصیٰ صہیونی دشمن کی جیلوں اور ان کے فیصلوں سے برتر ہے۔ سرائیل کی طرف سے مسجد اقصیٰ کے حوالے سے کسی قسم کا فیصلہ قبلہ اول اور مسلمانوں کے دینی امور میں کھلی مداخلت ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اسرائیلی ریاست کی طرف سے مسجد اقصیٰ کے خلاف کیے گئے اقدامات نسل پرستانہ اور اشتعال انگیزی کے ساتھ ساتھ قابض دشمن کی کھلی جارحیت ہے اور اس کے تمام خطرناک نتائج کی ذمہ داری قابض دشمن اور اس کے ریاستی اداروں پر عاید ہوگی۔

بم کی افواہ پر کویتی ایئر لائن کے طیارہ کی ترکی میں ہنگامی لینڈنگ

انقرہ (ایجنسیز) کویت کی نجی فضائی کمپنی کے ایک مسافر طیارے کو بم کی موجودگی کی اطلاع پر ترکی کے ہوائی اڈے پر ہنگامی طور پر اتار لیا گیا، لیکن بعد میں یہ اطلاع غلط ثابت ہوئی۔ یہ مسافر پرواز کویت سے روانہ ہوئی تھی۔ کمپنی نے ٹوئٹر پر اطلاع دی ہے کہ اس کو ممکنہ سیکورٹی خطرے کے بارے میں ایک اطلاع موصول ہوئی تھی۔ بعد میں اس کا جائزہ لیا گیا اور وہ درست ثابت نہیں ہوئی۔ فضائی کمپنی نے پھر اطلاع دی کہ اس کی سرگرمیاں دوبارہ معمول پر لوٹ آئی ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ مسافروں اور عملہ کے تحفظ کے پیش نظر کویت میں حکام اور نیٹ ورک سے رابطہ کیا گیا تھا، اور حفظ ماتقدم کے طور پر سکریننگ کیلئے اضافی اقدامات کیے گئے۔

امریکا کی جوہری آبدوز حادثہ کا شکار۔ 12 فوجی زخمی

واشنگٹن (واشنگٹن) امریکی بحریہ کا کہنا ہے کہ اس کی ایک جوہری آبدوز کے بحیرہ جنوبی چین میں کسی نا معلوم شے سے ٹکرانے کے واقعے کی تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ خبر رساں اداروں کے مطابق اس حادثے میں تقریباً ایک درجن فوجیوں کو معمولی زخم آئے۔ امریکی بحریہ کے بحر الکاہل بیڑے نے ایک بیان میں کہا کہ اس کی ایٹمی آبدوز یو ایس ایس کنیکٹی کٹ بحیرہ جنوبی چین میں معمول کی سرگرمیوں کے دوران کسی نا معلوم شے سے ٹکرائی۔ بیان میں کہا گیا کہ آبدوز کی حالت مستحکم ہے اور کسی کو کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے۔ تاہم بحریہ کی خبریں دینے والی ایک ایجنسی یو ایس این آئی نیوز کے مطابق تقریباً ایک درجن فوجی جوان معمولی چوٹ کے ساتھ زخمی ہوئے ہیں۔

حوثی ملیشیا کا جازان ہوائی اڈے پر حملہ۔ 10 افراد زخمی

صنعاء (ایجنسیز) یمن کی آئینی حکومت کو سپورٹ کرنے والے عرب اتحاد کی مشترکہ افواج کی کمان نے اعلان کیا ہے کہ جازان میں شاہ عبداللہ ہوائی اڈے پر حوثی ملیشیا کی جانب سے دھماکا خیز ڈرون کے ذریعے حملے کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ بعد ازاں اتحادی افواج نے ایک اور دھماکا خیز ڈرون کو فضا میں تباہ کر دینے کا انکشاف کیا۔ اس ڈرون سے مذکورہ ہوائی اڈے پر شہریوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اتحادی افواج کے سرکاری ترجمان بریگیڈیئر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ دشمن کے حملے کی کوشش کے نتیجے میں 10 افراد زخمی ہو گئے جن میں مسافر اور ہوائی اڈے پر کام کرنے والے شامل ہیں۔

کورونا وائرس سے یتیم بچوں کی تعداد میں 15 فی صد اضافہ

نیو یارک (ایجنسیز) ایک نئے مطالعاتی جائزے سے معلوم ہوا ہے کہ کوویڈ کے دوران یتیم ہونے والے بچوں کی تعداد ممکن ہے اس سے زیادہ ہو جتنا کہ اس سے قبل اندازہ لگایا گیا تھا اور یہ تعداد سیاہ فام اور ہسپانوی امریکیوں میں کہیں زیادہ رہی ہے۔ میڈیکل جرنل پیڈ ریٹیگ میں شائع ریسرچ کے مطابق، وبا کے دوران اپنے والدین میں سے کسی ایک سے محروم ہونے والے بچوں میں سے نصف سے زیادہ کا تعلق ان دو نسلی گروپس سے تھا جو امریکہ کی آبادی کا لگ بھگ 40 فیصد پر مشتمل ہیں۔ امپیریئل کالج کے ڈاکٹر نے کہا کہ یہ نتائج درحقیقت ان بچوں کو جو وبا کی وجہ سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں اور اس پہلو کو اجاگر کرتے ہیں کہ اضافی وسائل کو کہاں استعمال کیا جانا چاہیے۔

پاور اسٹیشن کی بندش سے پورے لبنان میں بلیک آؤٹ

بیروت (یو این آئی) معاشی بحران سے دوچار لبنان کئی ماہ سے ایندھن کی قلت کا شکار ہے اور بیشتر لبنانی عوام بجلی حاصل کرنے کیلئے پرائیویٹ جنریٹرز کا استعمال کر رہی ہے۔ تاہم اطلاعات ہیں کہ اب لبنان میں دو بڑے پاور اسٹیشن بند ہونے سے پورے لبنان میں بجلی کی فراہمی منقطع ہو گئی اور ملک میں بلیک آؤٹ ہو گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق لبنان میں بجلی کی بندش مزید کچھ دنوں تک جاری رہے گی۔ رپورٹس کے مطابق الزہرانی اور دیر امار پاور اسٹیشنز فیول ختم ہونے کے باعث بند کر دیئے گئے ہیں جس کے بعد لبنان میں بجلی کی پیداوار 200 میگاواٹ سے بھی نیچے آ گئی ہے۔ اس سے قبل لبنان بھر میں مجموعی طور پر 7 بار بلیک آؤٹ ہو چکا ہے۔

حج اور عمرہ زائرین کو آسانی کیلئے اسمارٹ فون پر فنگر پرنٹ کے ذریعہ سہولت متعارف

پہلے مرحلہ میں ایک کروڑ عازمین مستفید ہونگے۔ سال 2030 تک استفادہ کنندوں کی تعداد 3 کروڑ ہوگی

ریاض (ایجنسیز) سعودی وزارت خارجہ کے سیکریٹری تیم الدوسری کا کہنا ہے کہ بیرون مملکت کے عازمین حج اور عمرہ زائرین کی سہولت کے لیے سمارٹ فونز پر فنگر پرنٹ کی سہولت فراہم کرنے کا بنیادی مقصد انہیں آسانی فراہم کرنا ہے۔ اسمارٹ فون پر فنگر پرنٹ کا ریکارڈ جمع کرنے کا عمل مرحلہ وار شروع کیا جا رہا ہے۔ پہلے مرحلے میں ایک کروڑ عازمین اور عمرہ زائرین مستفیض ہوں گے جبکہ سال 2030 تک یہ تعداد 3 کروڑ تک پہنچ جائے گی۔ سعودی ٹی وی الاخباریہ کے پروگرام میں سیکریٹری وزارت خارجہ نے کہا کہ سعودی عرب پہلا ملک ہے جو سمارٹ فونز پر ویزہ حاصل کرنے والے عازمین اور عمرہ زائرین کو یہ سہولت فراہم کر رہا ہے۔ اس سہولت سے عازمین کو اپنے ملکوں میں سعودی سفارت خانے یا فنگر پرنٹ سینٹر جانے کی ضرورت نہیں رہے گی بلکہ وہ اپنے گھروں یا دفاتر میں رہتے ہوئے ہی سمارٹ فون کی مخصوص ایپ کے ذریعے اپنے فنگر پرنٹ یا



آنکھوں کے نشانات و چہرے کی سکینگ وزارت کے سسٹم میں ارسال کر سکیں گے جس سے ان کے ویزے کے حصول کا مرحلہ آسان ہو جائے گا۔ واضح رہے وزیر خارجہ نے سمارٹ فونز کے ذریعے بیرون مملکت سے آنے والے عازمین اور عمرہ زائرین کے لیے فنگر پرنٹ وزارت کے متعلقہ شعبے کو ارسال کرنے کے پروگرام کا افتتاح کیا تھا۔ خیال رہے گذشتہ چند برسوں سے مملکت آنے والے عمرہ زائرین یا عازمین حج کو اپنے ملکوں میں موجود سعودی سفارت خانے میں فنگر پرنٹ جمع کرانے ہوتے تھے جس کے بعد ہی انہیں ویزہ جاری کیا جاتا تھا۔ فنگر پرنٹ جمع کرانے کے لیے سعودی سفارت خانوں نے آوٹ سورس کی سہولت فراہم کی تھی تاہم اس کے لیے بھی درخواست گزار کو سینٹر جانا ہوتا تھا جہاں ویزے کے حصول کے لیے آنے والوں کی لمبی قطاریں ہوتی تھیں۔ نئے پروگرام سے عمرہ ویزہ یا حج کیلئے آنے والوں کو کافی سہولت ہوگی۔